اقامہ نماز کمیٹی کے شرکا اور منتظمین سے قائد انقلاب اسلامی کا خطاب - 18 /Sep/ 2006

تقائد انقلاب اسلامی حضرت آیۃ اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے فرمایا دنیا کی منہ زور طاقتیں اپنی بقا کا راز بین الاقوامی معاشرے میں مذہبی بحران پیدا کرنے میں سمجھتی ہیں اور پاپ بینیڈکٹ نے اپنے بیانات سے منہ زور طاقتوں کی ان پالیسیوں کی مدد کی ہے ـحضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اقامۂ نماز کمیٹی کے ارکان سے ملاقات میں اہانت آمیز کارٹوں کی اشاعت بعض سیاسی رہنماؤں کے توہین آمیز بیانات اور یورپ امریکہ کے اخبارات میں اسلام کے بارے میں ہتک آمیز مطالب کی اشاعت کو صلیبی جنگ شروع کرنے کے سلسلے میں کی جانے والی سازشوں کی مختلف کڑیاں قراردیا اور فرمایا پاپ کا بیان اس سلسلے کی تازہ کڑی ہے ـقائد انقلاب اسلامی نے پاپ بینیڈکٹ شانزدہم کے اسلام مخالف بیان پرگہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا البتہ گمان کیاجاتا ہے کہ پاپ اس سلسلے میں دھوکہ کھاگئے ہیں اور نہیں سمجھ سکیں کہ اس قسم کے بیانات کے پیچھے کونسے مقاصد اور اہداف کار فرما ہیں ـقائد انقلاب اسلامی نے پاپ کی طرف سے عقلانیت پر اسلام کی بے توجہی کے الزام کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ کسی بھی آسمانی کتاب نے قرآن کی طرح تعقل اور تدبر پر اتنی زیادہ تاکید نہیں کی گئی ہے اور امت اسلامیہ کی شاندار اور درخشان علمی تہذیب بھی تعقل علم اور تدبر کی اہمیت کے بارے میں اسلام کی تاکیدات پر توجہ کا نتیجہ ہے ـقائد انقلاب اسلامی نے اسی طرح جہاد کے بارے میں پاپ کے بیان کو ناانصافی بتایا اور فرمایا اسلامی جہاد دوسروں پر نظریہ اور عقیدہ مسلط کرنے کے لئے نہیں ہے بلکہ ان طاقتوں کے خلاف حریت پسندانہ جد و جہد ہے جو انسانوں کو غلام بناتی ۔